رسول اللہ ﷺ نے صفیّہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کرکے ان کی آزادی کو ان کا مہر بنا دیا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صفیّہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کرکے ان کی آزادی کو ان کا مہر بنا دیا

[صحیح] [متفق علیہ]

صفیہ بنت حُیی کے والد بنو نضیر کے سردار تھے ان کی بیٹی صفیّہ کنانة بن ابی حقیق کی بیوی تھیں ان کا شوہر خیبر کی لڑائی میں مارا گیا اور آپ ﷺ نے خیبر کو فتح کر لیا عورتیں اور بچے مسلمانوں کے غلام بن گئے ان میں صفیہ بھی تھیں وہ دِحیہ بن خلیفہ الکلبي رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئیں آپ ﷺ نے انھیں صفیہ کے بدلے میں دوسری باندی دے دی اور ان (صفیہ) کی دل دہی نیز شوہر کے انتقال پر شفقت کا برتاؤ کرتے ہوئے انھیں اپنے لیے چن لیا آپ ﷺ کی شرافت و احسان مندی تھی کہ آپ نے انھیں ایک حقیر باندی کی حیثیت سے فائدہ نہیں اٹھایا؛ بلکہ غلامی کی ذلت سے بچایا عزت افزائی کی اور امہات المؤمنین میں شامل کر لیا اس لیے کہ آپ نے انہیں آزاد کرکے ان سے شادی کی اور آزادی ہی کو ان کا مہر بنایا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6022